## 10526 ـ رمضان کی ابتدا میں خیراتی تنظیم کو فطرانہ کی قیمت ادا کر دي

**سوال**

کیا کسی خیراتی تنظیم کے لیے رمضان کے ابتدا میں فطرانہ کی رقم لینی جائز ہے، تا کہ حسب استطاعت اس سے مستفید ہوا جا سکے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جب علاقے اور ملك میں فقراء و مساکین ناپید ہو جائیں یا پھر جو لوگ زکاۃ اور فطرانہ لیتے تھے انہیں ضرورت نہ ہو یا وہ نہ کھاتے ہوں بلکہ وہ اسے نصف قیمت مین فروخت کرنا شروع کر دیں اور فطرانہ تقسیم کرنے کے لیے کھانے والے فقراء کی تلاش مشکل ہو جائے تو پھر اسے علاقے سے منتقل کرنا جائز ہے، اور رمضان کی ابتداء میں ہی اس کی قیمت وکیل کو ادا کرنی جائز ہے تا کہ وہ خرید کر وقت کے مطابق مستحقین تك پہنچا سکے، یعنی عید کی رات یا عید سے ایك یا دو یوم قبل ادا کر سکے" واللہ اعلم.